Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۹ رمضان المبارک ۱۳۴۵ھ مطابق ۱۴ مارچ ۱۹۲۷ع	نمبر ۱۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ منشی لال بہادر کلرک	۱ و ۲
۲	تنزل حمید الحمید ... یاور خانہ	۲
۳	تنزل و تشغل ... وغیرہ کاران دیگر ...	۳
۴	... شوکت علی خان کار ... بہ ذمہ ... لال	//
۵	تقرری ...	//
۶	... الحمید ...	//
۷	// محافظ دفتر ...	//
۸	// تصدیق حسین ...	//
۹	// مدرس ...	//
۱۰	اضافہ الحمید ...	۴
۱۱	...	۴

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۵ مارچ ۱۹۲۷ء

مثل رپورٹ صاحب چیف منسٹر سکرٹری بہادر دربارہ منظوری اضافہ مبلغ پانچروپیہ در تنخواہ منشی لال بہادر کلرک دفتر درس تنخواہ دو روپیہ بلحاظ محنت و کارگزاری۔

حکم

پانچروپیہ ماہوار اضافہ لال بہادر کلرک کی تنخواہ میں بموجب رپورٹ منظور ہے۔

احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۶ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

سے عبد المجید منصرم باورچخانہ مشاہرہ وارتیس روپیہ ماہوار اپنے خدمات باسلوبی انجام نہین دیتا اور روقت پر تعمیل ٹھیک نہین ہوتی۔ منصرم مذکور کی کاہلی اور تساہل کا اثر اسکے متعلقہ ملازمونپر بھی پڑتا ہے۔ ضرورت ہے کہ ہدایت کافی کیجائے تا آیندہ کو وہ اپنے خدمات ٹھیک انجام دے۔ اس لئے نامبردہ کا تین ماہ من ابتدائے مارچ لغایت مئی سنہ ۱۹۲۱ء پانچروپیہ ماہوار تنزل کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

صدور احکام ضابطہ جاری ہون۔ نقل روبکار درج گزٹ کیجائے

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

دیکھا جاتا ہے کہ دفتر کا کام نہایت خراب حالت مین ہے۔ اہلکاران مع دیگر ملازمان وقت پر حاضر نہین ہوتے۔ پابندی وقت کا بالکل لحاظ نہین ہے اور ہنگام دریافت وجہ تاخیر فضول عذرات پیش کرتے ہین۔ جب دفتر کا کام ہمارے سپرد ہوا تھا۔ اُسوقت ہمنے ان سب کے عہدے اور تنخواہوں مین ترقیان کین۔ اسکے بعد چند مرتبہ زبانی ہدایت کی گئی لیکن کچھ اثر نہین ہوا۔ لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حسب ذیل انتظام تنبیہاً کیا جائے تاکہ وقت پر کام ہو اور فضول عذرات پیش نہ آئین۔ صفائی کوٹھی اور انتظام باورچیخانہ نہایت خراب حالت مین ہے۔ غرضکہ ہر طرح سے کام خراب ہوتا جاتا ہے۔

۱۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہولڈ سے جواب طلب کیا جائے کہ وہ جملہ کام متعلقہ کوٹھی کے ہر طرح ذمہ دار ہین۔ پھر ایسی صورتمین کیون پیش آتی ہین کہ جنکا ہمکو خود انتظام کرنا پڑتا ہے۔ لہذا کافی ہدایت کیجاتی ہے کہ آیندہ وہ اپنی ذمہ داری کو سمجھین اور احتیاط کرین ورنہ صورت دوسری اختیار کیجائیگی۔

۲۔ میجر نور محمد خان بہادر ایڈی کانگ پرسون شب کو اور سے واپس آگئے ہین کل اُنھون نے آکر کل کی چھٹی لی تھی۔ مگر آج بغیر حصول رخصت غیر حاضر ہین لہذا تا صدور حکم ثانی معطل کئے جائین کیونکہ پہلے بھی وہ کبھی کبھی ایسا کرچکے ہین۔

۳۔ منشی شوکت علیخان پیشکار ہمیشہ وقت کی پابندی نہین کرتے باوجودیکہ چند مرتبہ زبانی ہدایت کیجاچکی ہے۔ لہذا تا صدور حکم ثانی معطل کیا جائے۔

۴۔ گماشتہ پر بقصور عدم پابندی اوقات حاضری دو روپیہ ماہوار برائے تین ماہ تنزل کیا جائے۔

۵۔ مدد علیخان منصرم کوٹھی پر بقصور عدم حاضری وقت معینہ و خرابی کام صفائی کوٹھی وغیرہ پانچروپیہ ماہوار برائے چار ماہ تنزل کیا جائے۔

۶۔ ننھے بہرہ پر بقصور غیر حاضری ایک روپیہ ماہوار برائے دو ماہ تنزل ہو۔

۷۔ مسمیان امجد علی۔ بدھن خدمتگار۔ بعضدی۔ حمید بقصور دیر مین پہنچانے کھانا وغیرہ کے و نہ ماننے حکم اپنے ہیڈ کے دو دو روپیہ ماہوار برائے دو ماہ تنزل کیا جائے۔

۸۔ مختار احمد ہیڈ باورچیخانہ پر بقصور عدم انتظام کار متعلقہ پانچروپیہ ماہوار برائے چار ماہ تنزل کیا جائے۔

۹۔ حاضری ملازمان معاف کردی گئی تھی لیکن وہ نہین مانتے۔ صدہا حاضری ملازمان وقت معینہ پر بدستور کیجائے۔ سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہولڈ انتظام حاضری کا روزانہ رکھین اور رجسٹر روزانہ ہمکو دکھائین۔

۱۰۔ عبد المجید منصرم باورچیخانہ پر کل پانچروپیہ ماہوار تنزل کیا گیا ہے مگر باوجود تنزل ہوجانے کے اسپر بالکل اثر نہین ہوا۔ اور وہ بدستور کام بے پروائی کے ساتھ انجام دیتا ہے۔ چنانچہ آج شب مین جو کچھ بد انتظامیان پیش آئین یہ اُسکے ذمہ داری مین تھین اور وہ اُسکا ہر طرح ذمہ دار تھا۔ لہذا اسی قصور مین پانچروپیہ کا برائے چار ماہ اور تنزل کیا جاتا ہے۔

قبل ازین سنہ ۱۹۱۲ء مین اجلاس ہمایون سے روبکار جاری ہوچکا ہے کہ ہر سکریٹری صیغہ اپنے ملازمان ڈپارٹمنٹ کو معطل کرسکتے ہین۔ جبکہ سکریٹری صیغہ کو اختیار معطلی ماتحتان ہے تو ہم بھی اپنے ماتحت ملازمان کو معطل وغیرہ کرسکتے ہین۔ لہذا بپابندی روبکار مذکورہ صدر میجر نور محمد خان بہادر کو معطل کیا گیا۔ اور سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہولڈ سے جواب طلب کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

دفعات ۲ و ۹ کی بابت سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس کو اطلاع دیجائے

اور ہدایت ہو کہ جلد جواب پیش کریں اور بقیہ دفعات ۲ لغایت ۸ و ۱۰ کی بابت صدر سے احکام متعلقہ جاری ہوں۔ اور نقل روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہولڈ اس روبکار کی نقل جملہ اہلکاران و ملازمان کوٹھی کو سنا دیں اور آیندہ کے واسطے کافی ہدایت کر دیں تاکہ یہ بدنظمی آیندہ کیواسطے مٹ جائے

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

گو یہ کہ زمانہ معطلی میں منشی شوکت علیخان پیشکار کام اکاؤنٹنٹی انجام دینگے۔

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقعہ ۷ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

چونکہ شوکت علیخان پیشکار اجلاس تنبیہاً معطل ہیں۔ لہذا بجائے انکے لچھمن لال اکاؤنٹنٹ کام پیشکاری انجام دے۔ اور بجائے لچھمن لال کے شوکت علیخان کام اکاؤنٹنٹ تا زمانہ معطلی انجام دیں۔

حکم ہوا کہ

حسب منشاء روبکار ہذا صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقعہ ۸ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

آج درخواست سید امجد علی سب انسپکٹر ٹیلیفون ملاحظہ ہوئی۔ نامبردہ کوٹھی ڈیوٹی انجام دیگا۔ پانچ روپیہ ماہوار الاؤنس علیحدہ پرنسز بجٹ سے از ۸ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء منظور کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام صدر سے جاری ہوں ایک نقل روبکار ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اور سپرنٹنڈنٹ صاحب پرنسز ہاؤس ہولڈ کو اطلاع دیجائے کہ بذریعہ تحریر ضابطہ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کو اطلاع دیجائے کہ سید امجد علی کا الاؤنس دفتر ہذا سے کر دیا گیا ہے انکی ڈیوٹی دفتر ہذا میں مستقل رکھی جائے

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت یکماہ منشی سید [illegible] اہلمد معاوضہ من ابتدا ۱۰ مارچ بعوض ولدار حسین امیدوار و بذمہ داری معاون بضرورت روانگی شاہجہانپور۔

حکم

بعوض مندرجہ رخصت یکماہ بذمہ داری معاون حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر منظور رہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت یکماہ منشی گلزار حسین محافظ دفتر کلیات صدر بذمہ داری نائب محافظ دفتر صدر و محافظ دفتر محالات صدر بغرض حصول پنشن۔ از ۱۲ مارچ سنہ حال۔

حکم

رخصت یکماہ رعایتی بذمہ داری نائب محافظ دفتر کلیات سید گلزار حسین محافظ دفتر کلیات کی منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ تحریر صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج دربارہ منظوری رخصت نوم تصدق حسین نقلنویس دیوانی متعینہ سررشتہ نقل ججی بوجہ علالت از ۵ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء لغایت ۱۲ مارچ سنہ الیہ۔

حکم

رخصت نوم مطلوبہ تصدق حسین منظور ہوئی ایام رخصت میں نظر اکبر معاون [illegible] یوم لیا جائے۔ احکام ضابطہ فوراً جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ مارچ ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سید الیاس خان مدرس ڈوہریا تحصیل شاہ آباد یکم مارچ ۱۹۲۷ء سے مستقل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

اضافہ

۹ مارچ ۱۹۲۷ء

مثل تحریر میونسپل افسر صاحب دربارہ منظوری اضافہ حامد خان

اہلمد میونسپلٹی بوجہ قلت تنخواہ و دیانت داری

حکم

درخواست ملاحظہ ہوئی حسب سفارش صاحب میونسپل افسر حامد خان اہلمد کو دو روپیہ ماہوار اضافہ دیا جانا منظور ہے۔ بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔ ذریعہ نقل حکم جداگانہ میونسپل افسر صاحب کو اطلاع دیجائے۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیٰحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر حقائق سے استفادہ فرمائیے۔ ضرور خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ... ۱۲ ۳

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمیں خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ ۳

العدل - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہے جسمیں حق تعالے کی عدالت و حکمت سے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱ ۸

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات میں ہے۔ جو در اصل محمد بن عقیل شوری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمیں اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱۲ ۲

جسقدر نسخے مطلوب ہوں منعم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۸ لغایتہ ۱۴ مارچ [illegible]

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵۰ ار		۵۰/ار	۶ ار	۶ ار	۶ ار	
نخود خالص	۶ ار		۷ ار	۶ ار	۷ ار	۶ ار	
نخود کستہ آمیز	۷ ار		۷۰ ار	۷۰ ار	۰	۶۰ ار	
کسہ	۷۰ ار		۷۰ ار	۸ ار	۰	۷ ار	
ماش	۵۰ ار		۵۰ ار	۵۰ ار	۵۰ ار	۵۰ ار	
مونگ	۴ ار		۵ ار	۴۰ ار	۰	۵۰ ار	
مکا	۸ ار		۸/ار	۷۰ ار	۸۰ ار	۷ ار	
جئی	۹ ار		۰	۹ ار	۰	۱۰ ار	
گوجئی	۸۰ ار		۰	۷ ار	۰	۸ ار	
عدس	۶ ار		۰	۶ ار	۰	۶ ار	
ارہر	بہ نرخ بازار		۰	۰	۰	۶ ار	
برنج	۵ ار ۵ ار		۵/ار	۰	۰	۵ ار	
روغن زرد	پونی اٹھ چھٹانک		۰/ار	۰ ار	۰ ار	۰ ار	
روغن سیاہ	۱ ار		۱۰	۱۰ ار	۱/ار	۱۰ ار	
روغن کنجد	۱۰ ار		۱ ار	۱/ار	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار		۱۲	۱۲ ار	۱۲	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۶ ار		۶ ار	۰ ار	۸ ار	۸ ار	
قند سیاہ	۶،۶۰ ار		۸۰ ار	۶۰ ار	۶	۶ ار	
باجرہ	۷ ار		۰	۰	۷ ار	۷ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس رامپور